PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستان شاہینز بمقابلہ زمبابوے اے دوسرا چار روزہ میچ۔

پاکستانی بولرز نے زمبابوے اے کو 163 رنز پر آؤٹ کر دیا۔ محمد علی کی 4 وکٹیں

موتارے، 10 مئی 2023:

زمبابوے اے کی ٹیم پاکستان شاہینز کے خلاف دوسرے چار روزہ میچ کے پہلے دن اپنی پہلی اننگز میں 163 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے فاسٹ بولر محمد علی سب سے کامیاب بولر رہے۔ انہوں نے 36 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ عامر جمال نے 51 اور مہران ممتاز نے 36 رنز دے کر تین تین کھلاڑی آؤٹ کیے۔

کھیل کے اختتام پر پاکستان شاہینز نے اپنی پہلی اننگز میں 115 رنز بنائے تھے اور اس کا ایک کھلاڑی آؤٹ ہوا تھا۔

کپتان عمران بٹ چار چوکوں کی مدد سے 27 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ انہوں نے محمد حریرہ کے ساتھ پہلی وکٹ کی شراکت میں 63 رنز کا اضافہ کیا۔

محمد حریرہ 60 رنز پر بیٹنگ کر رہے ہیں۔ ان کی اننگز میں 9 چوکے اور ایک چھکا شامل ہے۔

عمیر یوسف دو چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 19 رنز پر ان کے ساتھ کریز پر موجود ہیں۔

پاکستان شاہینز میزبان ٹیم کے اسکور سے اب صرف 48 رنز پیچھے ہے اور اس کی 9 وکٹیں ابھی باقی ہیں۔

پاکستان شاہینز کے کپتان عمران بٹ نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ پہلا چار روزہ میچ آٹھ وکٹوں سے جیتنے والی ٹیم کے تین کھلاڑیوں میر حمزہ، روحیل نذیر اور مبصر خان کی جگہ عامر جمال، حسیب اللہ اور قاسم اکرم کو اس میچ میں موقع دیا گیا ہے۔

پاکستان شاہینز کو ساتویں اوور میں پہلی کامیابی اسوقت ملی جب پہلے چار روزہ میچ کے سنچری میکر جوئے لارڈ گمبی صرف 7 رنز بنا کر محمد علی کی گیند پر عمیر یوسف کے ہاتھوں کیچ ہو گئے۔

مارومانی اور ڈیون مائرز نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 110 رنز کا اضافہ کیا۔

ڈیون مائرز جنہوں نے پہلے میچ میں بھی نصف سنچری اسکور کی تھی اس مرتبہ 106 گیندوں پر نصف سنچری مکمل کرنے میں کامیاب ہو گئے جس میں 9 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا تاہم وہ نصف سنچری مکمل کرنے کے فوراً بعد ہی مہران ممتاز کی گیند پر بولڈ ہو گئے۔

مارومانی نے اپنی نصف سنچری 68 گیندوں پر مکمل کی جس میں آٹھ چوکے شامل تھے۔ وہ آٹھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 66 رنز بنا کر عامر جمال کی گیند پر وکٹ کیپر حسیب اللہ کے ہاتھوں کیچ ہوئے۔

عامر جمال نے اسی اوور میں ٹونی مونیو نگا کو بھی صفر پر حسیب اللہ کے ہاتھوں کیچ کرا دیا۔ انہوں نے اپنے اگلے اوور میں جوناتھن کیمبل کی وکٹ بھی حسیب اللہ کے کیچ کے ذریعے حاصل کر ڈالی جو صرف 4 رنز بنا سکے۔

کپتان روئے کا یا12 رنز بنا کر مہران ممتاز کی گیند پر عامر جمال کے ہاتھوں کیچ ہوئے تو زمبابوے اے کا اسکور140 رنز تھا اور اس کی چھ وکٹیں گر چکی تھیں۔ آنے والے بیٹسمین پاکستانی بولرز کے سامنے اعتماد سے بیٹنگ نہ کر سکے اور پوری ٹیم 56اعشاریہ 4اوورز میں 163 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

زمبابوے کی آخری 9 وکٹیں اسکور میں صرف 41 رنز کا اضافہ کر سکیں۔

میچ کا مختصر اسکور

زمبابوے اے پہلی اننگز۔ 163 آل آؤٹ۔ مارومانی 66 ڈیون مائرز 50۔ محمد علی۔ 36 / 4 وکٹ۔ مہران ممتاز۔ 36 / 3 وکٹ۔ عامر جمال 51 / 3 وکٹ۔

پاکستان شاہینز پہلی اننگز 115 رنز ایک کھلاڑی آؤٹ۔ محمد حریرہ 60 ناٹ آؤٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial